## سوال

(782)ایک عرصہ بعد رہ جانے والی نمازیں یاد آئیں تو قضاء کا طریقہ

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی دس دن اتنا بیمار یا مصروف رہا کہ کوئی نماز نہ پڑھ سکا۔ اب اُسے ان فوت شدہ نمازوں کو پڑھنا چاہیے یا نہیں؟ وضاحت فرمائیں۔ شکریہ

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قضاء شدہ نمازیں عرصہ بعد یاد آنے کی صورت میں اگر کم ہوں تو آدمی قضائی دے لے۔ بصورتِ دیگر رب کے حضور توبہ واستغفار کرلے کافی ہے: لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا (البقرۃ:۲۸۶)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ:658

محدث فتویٰ